بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خلاصہ خطبہ جمعہ 26 مارچ 2021ء بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

تشہد و تعوذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سورۃ جمعہ کی ابتدائی آیات کی تلاوت بیان فرمائی اور ان کا ترجمہ پیش فرمایا:

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ ۗ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۳ وَّ اٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۴ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝۵

وہی ہے جس نے اُمّی لوگوں میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا۔ وہ اُن پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی کھلی گمراہی میں تھے۔ اور انہی میں سے دوسروں کی طرف بھی) اسے مبعوث کیا ہے(جو ابھی اُن سے نہیں ملے۔ وہ کامل غلبہ والا) اور(صاحبِ حکمت ہے۔

پھر آپ نے فرمایا کہ جماعتِ احمدیہ میں ۲۳ مارچ کا دن اس وجہ سے یاد رکھا جاتا ہے کہ اس دن جماعت کی بنیاد پڑی اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے بیعت لی۔ ہر سال ہمیں یہ دن ا س بات کی یاددہانی کرواتا ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا حقیقی مقصد یہ تھا کہ صحیح اسلام کو دوبارہ دنیا میں قائم کریں۔ اور ہم نے جو آپ کی بیعت کی ہے ہم نے بھی اس مشن میں اپنا حصہ ڈالنا ہے اور انسانیت کو خدا سے ملانا ہے اور ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے کی طرف توجہ دلانی ہے۔ اور ظاہر ہے کہ اسکے لئے سب سے اول اپنی اصلاح ضروری ہے۔

آج میں اس حوالہ سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعض اقتباسات پیش کرونگا جن میں آپ نے اپنی بعثت کے متعلق بیان فرمایا ہے۔ ہمیں ان باتوں کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے تاہم من حیث الجمعت ترقی کرنے والے ہوں نہ کہ نیچے کی طرف جانے والے ہوں۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس ضمن میں حضرت مسیح موعودؑ کے بعض اقتباسات پیش فرمائے۔

اپنے دعاوی کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

میں اللہ جل شانہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں اس کی طرف سے ہوں۔ وہ خوب جانتا ہے کہ میں مفتری نہیں۔ اگر تم مجھے کذاب اور مفتری کہتے ہو تو میں تمہیں خدا کی قسم دیتا ہوں کہ کسی ایسے مفتی کی نظیر پیش کرو کہ باوجود ہر روز کذب اور افترا کے جو وہ اللہ تعالیٰ پر کرے پھر اللہ تعالیٰ اس کی تائید کرتا جاوے ۔۔۔ چاہئے تو یہ تھا کہ اسے ہلاک کرے مگر یہاں اس کے بر خلاف معاملہ ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں صادق ہوں۔ اس کی طرف سے آیا ہوں ۔۔۔ اور میں خدا کی قسم اٹھا کر کہتا ہوں کہ جو موعود آنے والا تھا وہ میں ہی ہوں اور یہ بھی پکی بات ہے کہ اسلام کی زندگی عیسیٰ کے مرنے میں ہے ۔۔۔۔ یہ شرف مجھے محض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی سے حاصل ہوا۔ اگر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امّت نہ ہوتا اور آپ کی پیروی نہ کرتا تو اگر دنیا کے تمام پہاڑوں کے برابر میرے اعمال ہوتے تو پھر بھی میں کبھی یہ شرف مکالمہ و مخاطبہ ہر گز نہ پاتا۔

حضور انور ایدہ اللہ نے آخر میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کرے کہ دنیا کے لوگ اور خاص طور پر مسلمان آپ کا مقام پہچان کر جلد اس مسیح و مہدی کی بیعت میں آجائیں۔ اور ہمیں بھی اپنا حقِ بیعت ادا کرنے والا بنائے۔ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان اور الجزائر کے احمدیوں کیلئے دعا کی تحریک فرمائی۔